# 61104

**First Semester B.Sc./B.Sc. (FAD) Degree Examination**
**DECEMBER 2018**

*(CBCS-Freshers)*

**Urdu Language**

**Paper I - PROSE, POETRY AND NON-DETAIL**

*Time: 3 Hours]* *[Max. Marks: 70*

*Instructions to Candidates : Answer ALL questions.*
*Marks allotted are indicated against each question.*

I. صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔ (10 × 1 = 10)

1. اکثر لوگ پارک میں سیر کرنے کی بجائے قسم قسم کی ____________ کرتے ہیں۔

(a) ورزشیں (b) حرکتیں (c) شرارتیں

2. کیدار ناتھ اپنی ____________ کا نام بھول گئے۔

(a) بیٹی (b) بیوی (c) بہن

3. حضرت ____________ حضورؐ کا بہترین نمونہ تھیں۔

(a) فاطمۃ الزہرا (b) حضرت عائشہ (c) حضرت خدیجہ

4. مولانا آزاد رات کے دو بجے ساری ____________ کو سوگوار چھوڑ کر اپنے آقا سے جا ملے۔

(a) قوم (b) برادری (c) دنیا

5. ڈرامہ 'انارکلی' ____________ کا لکھا ہوا ہے۔

(a) شمیم حنفی (b) کرشن چندر (c) امتیاز علی تاج

6. نظم ''کرکٹ اور مشاعرہ'' دلاور فگار کی لکھی ہوئی ہے۔ (صحیح / غلط)

7. ثُریا انارکلی کی چھوٹی بہن ہے۔ (صحیح / غلط)

8. ''نیم پلیٹ'' بی شیخ علی کا لکھا ہوا مضمون ہے۔ (صحیح / غلط)

9. رُوحِ اَرضی نے تو آدمؑ کا پُر جوش استقبال کیا۔ (صحیح / غلط)

10. دلارام انارکلی کی اچھی سہیلی ہے۔ (صحیح / غلط)

II. کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے۔ (2 × 8 = 16)

1. حضرت فاطمہؓ کے فقر و فاقہ، صبر و رضا، سخاوت اور دیگر اوصاف پر روشنی ڈالئے۔

2. سویرے کی سیر کرتے وقت کیا کیا تماشے دیکھنے کو ملتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ لکھئے۔

3. بیوی کا نام بھول جانے پر کیدار ناتھ کس قدر پریشان ہوئے؟

III. کسی تین کے مختصر جواب لکھئے۔ (3 × 3 = 9)

1. مولانا آزاد کے انتقال کی خبر سُن کر اہلِ وطن پر کیا گزری؟

2. رشید احمد صدیقی خدا کو اپنا فیملی ممبر کیوں سمجھنے لگتے ہیں؟

3. ذاکر حسین نے اپنے خط میں کن مقامات کی سیر کی خواہش کا اظہار کیا ہے؟

4. امید انسان کو کیا پیغام دیتی ہے؟

5. رُوحِ اَرضی نے آدمؑ کا کس طرح استقبال کیا؟

IV. بحوالہ متن کسی تین کی وضاحت کیجئے۔ (3 × 2 = 6)

1. "کیا فاطمہ سے نکاح کی درخواست کر آئے ہو"۔

2. "۔۔۔لیکن نام تو یاد آنا ہی چاہئے۔ آخر وہ میری بیوی تھی"۔

3. "وہ منحوس گھڑی جس کا دھڑکا لگا ہوا تھا بالآخر آ پہنچی"۔

4. "گدھے کو سیر کرانے لائے ہو"؟

5. خیالوں میں نگاہوں میں کبھی وہ دل میں آئے ہیں
میں جس منزل میں رہتا ہوں اسی منزل میں آئے ہیں

V. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔ (1 × 6 = 6)

1. نشاطِ اُمید

2. کرکٹ اور مشاعرہ

3. رُوح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے

VI. کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ (3 × 3 = 9)

1. ہوائے یار چلی لے کے کن زمانوں میں
صدائے گم شدگاں آ رہی ہے کانوں میں

2. وہی تو سب سے زیادہ ہے نکتہ چیں میرا
جو مسکرا کے ہمیشہ گلے لگائے مجھے

3. میرے ساتھ جگنو ہے ہمسفر مگر اس شرر کی بساط کیا
یہ چراغ کوئی چراغ ہے نہ جلا ہوا نہ بجھا ہوا

4. اس طرح خوش ہوں کسی کے وعدۂ فردا پہ میں
در حقیقت جیسے مجھ کو اعتبار آ ہی گیا

5. کچھ بھی ہو پھر بھی دکھے دل کی صدا ہوں ناداں
میری باتوں کو سمجھ تلخیٔ تقریر نہ دیکھ

VII. (الف) کسی دو کے جواب لکھئے۔ (2 × 4 = 8)

1. دلا رام نے سلیم اور انارکلی کی محبت کا راز کس طرح افشا کیا؟ وضاحت کیجئے۔

2. پائیں باغ میں سلیم اور انارکلی کی ملاقات کس طرح ہوئی؟

3. جشنِ نو روز کی تیاریوں کا حال بیان کیجئے۔

(ب) کسی دو پر نوٹ لکھئے۔ (2 × 3 = 6)

1. ثریا

2. بختیار

3. شہزادہ سلیم

---